ادارہ



تعارف تبصرہ کتب

کتاب: رسائل اعظمی امیر الہند حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب اعظمی نور اللہ مرقدہ

ضخامت: ۵۹۲ صفحات قیمت: -/۳۱۰ روپے ناشر: زمزم پبلشرز اردو بازار کراچی

برصغیر کو جن نابغہ روزگار اور عظیم ہستیوں پر ہمیشہ ناز رہے گا اور علمی دنیا جن کی عظمتوں کو سلام کرتی رہے گی، ان میں بجا طور پر ایک نام امیر الہند حضرت مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی نور اللہ مرقدہ کا ہے، آپ حدیث اصول حدیث اور فقہ کے امام تھے، آپ نے تن تنہا ان علوم کی اتنی خدمت کی ہے، جس کے سامنے بڑے بڑے اداروں اور عظیم اکیڈیمیوں کے کام بھی ماند ہیں۔ حضرت اعظمی نے ہر فن سے متعلق کتابیں تصنیف فرمائی ہیں، زیر نظر کتاب پانچ رسائل کا مجموعہ ہے، نصرۃ الحدیث۔ تحقیق اہل حدیث۔ رکعات تراویح۔ انساب وکفاءت کی شرعی حیثیت۔ الاعلام المبرفوعہ فی حکم الطلاقات المجموعہ یہ کتاب فتنہ غیر مقلدیت کے رد میں لکھی گئی ہے، حضرت اعظمیؒ کا امت پر عظیم احسان ہے کہ انہوں نے اس فتنہ کو روز روشن کی طرح کھول کر پیش کر دیا، اور قرآن وسنت سے دلائل پیش کر کے اس فتنہ کے باطل عقائد اور غلط مسائل کا رد فرمایا ہے اور ایسی تحقیق فرمائی ہے کہ حضرت اعظمیؒ کے شیخ وپیر طریقت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ نے ان رسائل کو دیکھ فرمایا، تحقیق کا حق ادا کر دیا۔ شاید میں بھی اتنی تحقیق سے یہ کتاب نہیں لکھ سکتا تھا۔ اکابر کے ہاں حضرت مولانا حبیب الرحمٰن اعظمیؒ کا کیا مقام تھا اس کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ نے جمعیت العلماء ہند کو پیش آنے والے مسائل کے حل کیلئے کہہ رکھا تھا کہ جمعیت کے ارکان فقہی مسائل میں مولانا اعظمیؒ کے مشورے کے بغیر کوئی قدم نہیں اٹھائیں گے۔

یہ رسائل کتابی شکل میں مولانا محمد رفیق صاحب زمزمی زید مجدہ نے اپنے ذوق نفاست کے اہتمام سے زمزم پبلشر سے شائع کیے ہیں، اللہ تعالیٰ موصوف کی اس خدمت کو قبولیت سے نوازے اور علماء کرام اور باذوق عوام کو اس سے استفادے کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین۔

کتاب: شعب الایمان (ایمان کے شعبے اور ان کی تفصیل) مؤلف: حضرت مولانا خلیل الرحمٰن صاحب

ضخامت: ۳۰۲ صفحات قیمت: ۳۰۰ روپے ناشر: زمزم پبلشرز اردو بازار کراچی

انسان کی عظمت کی بات یہ ہے اور اس کا کمال اس میں پوشیدہ ہے کہ اس کا ایمان پختہ اور مضبوط ہو،